خدمت کو مؤخر کرنا چاہتا ہوں، بلاتکلف کر دیتا ہوں - اور ایک بار نہیں، تین تین بار ۶، ۶ مہینے - میری اس کوتاہی کے ایک خاص مجروح پروفیسر صاحب ہیں - اور آپ نوان کی کتاب ہاتھ میں لی تو دیکھتا ہوں کہ جگہ اتنی کم ہے کہ پہلے ہی سے شرمندہ ہوں - میں صرف چند لفظوں میں بات کروں گا کہ ۱۳۶ صفحے کی کتاب میں پروفیسر صاحب نے فہم اقبال، تفہیم اقبال اور محبتِ اقبال کا حق ادا کر دیا ہے - جس شخص نے ساری عمر اقبال کی فکر، شاعری اور اُس کے ذوقِ جمال کی غواصی کی ہو، اب وہ کسی زیادہ بحث و تجربہ کا محتاج نہیں - عشق کے معاملے "بحرفے می تواں گفتن" والے ہوتے ہیں -

خیال فرمائیے، یہ جنوری ۱۹۸۹ء کی مطبوعہ کتاب ہے - ہماری بے تکلفی بھی حد سے گزر گئی -

---

ہندوستانی سماج اور دعوتِ اسلامی | اشاعتِ خاص ماہنامہ رفیقِ منزل -

مدیر اعزازی منور حسین فلاحی - دفتری امور: منیجر رفیقِ منزل، ۲۳۰-۲ ابوالفضل انکلیو - نئی دلی - ۱۱۰۰۲۵ (انڈیا) - اس خاص نمبر کی قیمت: ۱۵/ روپے - سالانہ چندہ ۲۵/ روپے -

درسی کتابی سائز کے اس رسالے کا پیشِ نظر خاص نمبر بڑے اہم مضامین پر مشتمل ہے - ان پر تفصیلی گفتگو تو نہیں کی جا سکتی، البتہ عنوانات سے آپ اندازہ کر لیں - ۱- جدید ہندو مذہبی تحریکات ۲- احیا پسند ہندو طلبہ تنظیمیں ۳- کمیونسٹ طلبہ تنظیمیں - ۴- ہندوستان میں تہذیبی جارحیت ۵- مسیحیت ۶- بھارتی سیکولرازم ۷- ہندوستان کے دینی مدارس ۸- اسلام کا روحانی نظام ۹- مسلم جماعتوں کا سیاسی طریقِ کار - ۱۰- اسلام میں رخصت و عزیمت کے تصورات ۱۱- اسلامی تہذیب و تمدن کا تحفظ - ۱۲- تربیت اور اس کے ذرائع - ۱۳- تحریکِ اسلامی ہند -

کاش کہ کوئی صاحب تفصیل سے پڑھ کر، غیر ضروری یا اسلام کے متعلق انتشار انگیز اختلافی عنصر کہیں پائیں تو بعض حصص کو چھوڑ کر منتخب مضامین پر مشتمل ایک کتاب مرتب کر کے پاکستان سے شائع کر دیں -